
# انگریزی تعلیمی نظام کے متعلق: سیکنڈری اسکولز

## ان بچوں کے والدین کے لئے ہدایت نامہ جو انگریزی کو بطور اضافی زبان (EAL) استعمال کرتے ہیں




### اس ہدایت نامہ میں کس بات کا احاطہ کیا گیا ہے؟

یہاں آپ کو عملی معلومات مل سکتی ہیں جو کہ آپ کے بچے کے لئے اسکولز میں جگہ تلاش کرنے اور انگریزی نظام تعلیم سمجھنے میں مدد دے سکتی ہیں۔

انگلینڈ میں مختلف قسم کے اسکول ہیں، ان میں کچھ ایسے اسکول بھی شامل ہیں جن میں والدین کو فیس ادا کرنی پڑتی ہے (مثلا فیس ادائیگی والے / خود مختار / نجی اسکول)۔

یہ ہدایت نامہ آپ کو ان انگریزی اسکولوں کے بارے میں بتاتا ہے جہاں پر آپ کو فیس ادا نہیں کرنی پڑتی (مثلا ریاستی سکول)۔ ریاستی اسکولوں کی مختلف اقسام ہیں بشمول:

- مقامی اتھارٹی (LA) اسکولز – جنہیں مقامی حکومت فنڈ فراہم کرتی ہیں
- اکیڈمیاں اور مفت اسکولز – جنہیں وفاقی حکومت فنڈ فراہم کرتی ہے، اکثر ٹرسٹ کا حصہ ہوتے ہیں
- عقائدی اسکول – کسی مخصوص مذہب سے وابستہ ہوتے ہیں

آپ، کل وقتی یا جز وقتی طور پر، اپنے بچے کو گھر پر پڑھانے کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں۔ یہ گھر پر تعلیم (یا اختیاری گھر پر تعلیم یا ہوم اسکولنگ) کہلاتی ہے۔ یہاں پر مزید جانیں: https://www.gov.uk/home-education




## 1. یں کیسے اپنے بچے کے لئے اسکول میں جگہ تلاش کر سکتا / سکتی ہوں؟

اگر آپ کے بچے کی عمر 5 سے 16 سال ہے تو مقامی کونسل جو مقامی اتھارٹی یا LA بھی کہلاتی ہے) سے رابطہ کریں کہ وہ آپ کے بچے کے لئے اسکول میں جگہ تلاش کرے۔

- اگر آپ کے بچے کی عمر 5 سے 16 سال ہے تو مقامی کونسل کے لئے لازم ہے کہ وہ مقامی علاقے میں اسکول میں جگہ تلاش کرے
- آپ کو اسکول میں داخلے کے متعلق مزید معلومات یہاں سے مل سکتی ہیں: **https://www.gov.uk/schools-admissions**

**آپ کی پسند کے اسکول کا فیصلہ کرنے میں مدد کے لئے یہاں پر کچھ خیالات موجود ہیں:**

- اوپن ایوننگز کے دوران اسکول تشریف لائیں۔ اسکول ویب سائٹ پر ان کی تشہیر کی جائے گی۔
- ان کی تازہ ترین Ofsted انسپیکشن رپورٹ کا مطالعہ کریں: **https://reports.ofsted.gov.uk**
- اسکول کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیں: **https://www.compare-school-performance.service.gov.uk**
- دوسرے والدین سے بات کریں کہ وہ اسکول کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں
- ان کی اسکول ویب سائٹ دیکھیں
- تلاش کریں کہ کون سے اسکول GCSE امتحانات کے لئے طلبہ کو ان کی گھریلو زبان میں داخلہ دیتے ہیں (مزید معلومات کے لئے ذیل میں سیکشن 5 ملاحظہ کریں)

**جب آپ کو اپنی پسند کے اسکول کا علم ہو جائے تو، یاد رکھیں:**

- آن لائن درخواست فارم پر کریں، جس میں اپنی پسند کے چند اسکولوں کا بتائیں
- چونکہ اسکول کا درخواست جمع کروانے کا عمل پیچیدہ ہو سکتا ہے اس لئے اپنی مقامی کونسل کی اسکول ایڈمیشن ٹیم سے مدد طلب کریں
- دیگر افراد، کمیونٹی گروپس یا مترجم جو آپ کی مدد کر سکتے ہیں، کی معاونت کونسل سے طلب کریں

## 2. میرا بچہ کس عمر میں سیکنڈری اسکول شروع کرے گا؟

انگلینڈ میں، بچے اپنی 11 ویں سالگرہ کے فوراً بعد ستمبر میں سیکنڈری اسکول شروع کر دیتے ہیں۔ سیکنڈری اسکول سال 7 سے شروع ہوتا ہے (سال 1-6 پرائمری اسکول میں ہیں) اور سال 11 میں ختم ہوتا ہے۔

تعلیمی سال ہمیشہ ستمبر میں شروع ہوتا ہے اور عموماً جولائی میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔ یہ عموماً تقریباً 13 ہفتوں پر مشتمل تین ٹرمز میں منقسم ہوتا ہے۔

اگر اگست کے اختتام تک نوجوان افراد 16 سال کے ہو جائیں گے تو وہ جون کے آخری جمعہ کو اسکول چھوڑ سکتے ہیں۔ تاہم، 16 تا 18 سال کی عمر کے نوجوانوں کو لازمی طور پر تعلیم، تربیت یا اپرنٹسشپ میں مشغول ہونا چاہیئے۔


کاپی رائٹ© دی بیل ایجوکیشنل ٹرسٹ لیمیٹڈ (دی بیل فاؤنڈیشن کے نام سے کام کر رہا ہے) اکتوبر 2020

## 3. میں اسکول ٹرم اور تعطیلات کے بارے میں کیسے معلوم کر سکتا / سکتی ہوں؟

پورے انگلینڈ میں اسکول ٹرم اور چھٹیوں کی تاریخیں مختلف ہوتی ہیں۔

تاہم، اسکول کی تعطیلات عموماً دسمبر کے آخر اور جنوری کے آغاز میں (کرسمس اور سال نو کی )؛ مارچ / اپریل ( اس بات پر منحصر کہ ایسٹر کب آتا ہے) اور اگست میں ہوتی ہیں۔ علاوہ ازیں،اکثر اسکولوں میں ہر تین ٹرم کے وسط میں نصف ٹرم تعطیلات ہوں گی۔ ہر اسکول تعطیلات کی نشاندہی کیا گیا اپنا اسکول کیلنڈر شائع کرے گا۔

بہت سے اسکولوں میں ہر سال 5 INSET (دوران سروس ٹریننگ) ہوتی ہیں جب استذہ ٹریننگ اور ملاقاتوں میں حاضر ہوتے ہیں۔ INSET ایام کے دوران طلبہ اسکول میں حاضر نہیں ہوتے ہیں۔ اسکول ہر سال کے INSET ایام کے متعلق والین کو مطلع کر دیں گے۔

ٹرم اور تعطیلات کی قطعی تاریخوں کے بارے میں جاننے کے لئے اسکول سے بات کریں یا یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں:
**https://www.gov.uk/school-term-holiday-dates**

## 4. میں اسکول سے کیا توقع کر سکتا / سکتی ہوں؟

اکثر اسکول اپنے سکول پراسپیکٹس، ایک کتابچہ جو اسکول کے متعلق اہم معلومات فراہم کرتا ہے، شائع کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں، اسکول ویب سائٹ پر اسکول کے متعلق تازہ ترین معلومات اور خبریں شامل ہوں گی۔ اگر آپ کو ضرورت ہو تو معلومات کے ترجمہ کے لئے اسکول سے مدد طلب کریں۔

آپ کے بچے کے لئے، وہاں ہو گا:

- منتقلی یا عبوری ایام: سال 6 کے طلبہ کو ایک یا دو دن اپنے نئے سیکنڈری اسکول میں گزارنے کا موقع ملے گا تا کہ وہ دیکھ سکیں کہ یہ کیسا ہو گا
- تعارفی پروگرام: اپنے بچے کی نئے اسکول میں زندگی کا اچھا آغاز کرنے کے لئے ایک انڈکشن پروگرام اگر آپ کا بچہ حال ہی میں ملک یا علاقے میں آیا ہے، یا سال کے دوران مختلف اوقات میں اسکول شروع کر رہا ہے (یعنی ستمبر میں نہیں) تو اس میں خصوصی انتظامات شامل ہو سکتے ہیں۔
- عموماً ہم عمر 30 طلبہ پر مشتمل فارم کلاس میں جگہ عموماً ہر فارم کا اپنا فارم ٹیوٹر ہوتا ہے۔
- اسباق کا باقاعدہ ٹائم ٹیبل ہر سبق کو مضمون کے ماہرین پڑھائیں گے۔
- مکمل نصاب تک رسائی – مزید معلومات کے لئے ذیل میں دیکھیں
- جامع طرز عمل جہاں تمام بچوں کے ساتھ یکساں برتاؤ کیا جاتا ہے
- نصاب سے وابستہ باقاعدہ ہوم ورک



### میرا بچہ اسکول میں مزید کیا کرے گا؟

آپ کا بچہ غیر نصابی سرگرمیوں، اسکول کے تفریحی دوروں اور دیگر تقریبات میں حصہ لے سکے گا۔ اس میں شامل ہو سکتے ہیں:



- اسمبلیاں اور اجتماعی عبادت کے مواقع۔ مزید معلومات کے لئے اپنے اسکول سے پوچھیں
- غیر نصابی سرگرمیوں اور کلبوں میں مثلاً اسپورٹس، موسیقی اور ڈرامہ یہ لازمی نہیں ہیں اور شاید لنچ ٹائم میں یا اسکول کے بعد واقع ہوں۔ بعض کلب شاید معمولی سی رقم لیں۔
- اسکول نصاب سے منسلک جگہوں پر اسکول کے دورے عموماً ان دوروں کے لئے ادائیگی کی جاتی ہے، لیکن جہاں ضرورت ہو اکثر اسکول اس ضمن میں مدد بھی کرتے ہیں۔ ہمیشہ بچوں کی حفاظت کو مد نظر رکھتے ہوئے اساتذہ بہت احتیاط سے اسکول دوروں کا انتظام کرتے ہیں۔

بعض دورے GCSE کورس کا لازمی حصہ ہوتے ہیں، مثلاً GCSE ڈرامہ کے لئے، بچوں کو تھیٹر میں کھیل دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

- اسکول پروڈکشنز میں ڈرامے میں اداکاری اور میوزک کنسرٹس شامل ہوتے ہیں
- سماجی تقریبات اور فنڈز اکٹھا کرنے کی تقریبات جیسا کہ اسپورٹس ڈیز، سمر اور کرسمس میلے، ڈسکوز اور کوئزز اگر آپ اپنے بچہ کے اسکول میں زیادہ ملوث ہونے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو اپنے اسکول سے بات کریں، مثال کے طور پر بحیثیت والدین گورنر رضاکار یا خدمت گزار بننا، جہاں آپ اعلی قیادت ٹیم کو یقین دہانی کروانے میں مدد دے سکتے ہیں کہ اسکول حتی الامکان حد تک مؤثر ہے۔



- نوجوان افراد کے لئے عملی تجربہ ایک موقع ہے، عموماً سال 10 میں کام کی جگہ پر ایک ہفتہ گزارنا ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے، ذیل میں کیریئر سیکشن ملاحظہ کریں۔

### مجھے کیسے علم ہو گا کہ اسکول میں کیا ہو رہا ہے؟

آپ کا اسکول باقاعدگی سے آپ کے ساتھ رابطہ رکھے گا۔ اسکول مراسلت کی مختلف شکلیں استعمال کریں گے بشمول:

- اسکول ویب سائٹ: اسکول اپنی ویب سائٹ پر معلومات کا اشتراک کریں گے۔ اہم تاریخیں جیسا کہ تعطیلات، ٹیچر ٹریننگ (INSET) ایام اور پیرنٹس ایوننگز کے بارے میں جاننے کے لئے اسکول کیلنڈر چیک کریں۔
- نوٹیفیکیشنز: متنی پیغام، سوشل میڈیا (مثلاً ٹوئٹر) اور پیرنٹمیل جیسی ایپس کو بھی سکول طعام اور دوروں کی ادائیگی کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے
- آن لائن سسٹمز (مثلاً Go4Schools): آپ ہوم ورک، جائزوں اور برتاؤ کے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں
- ای میلز اور خطوط: اگر آپ کی ای میلز تک رسائی نہیں ہے تو اسکول کو مطلع کریں
- پیرنٹس ایوننگز اور رپورٹس: یہ آپ کو آپ کے بچے کی پروگریس کے متعلق جاننے میں مدد کریں گی۔



- ملاقاتیں اور معلوماتی ایوننگز: اہم معلومات کے اشتراک کے لئے اسکول میٹنگز کا اہتمام کریں گے۔ مثلاً GCSE میں کون سے مضامین کا انتخاب کرنا ہے۔ یہ سوالات پوچھنے کے لئے مفید موقع ہو سکتا ہے۔
- براہ راست رابطہ: آپ بذریعہ فون یا ای میل سکول سے رابطہ کر سکتے ہیں، یا اگر مناسب ہو تو ٹیچر کے ساتھ ملاقات کا اہتمام کریں


کاپی رائٹ© دی بیل ایجوکیشنل ٹرسٹ لیمیٹڈ (دی بیل فاؤنڈیشن کے نام سے کام کر رہا ہے) اکتوبر 2020

## 5. اسکول مجھ سے کیا توقع رکھے گا؟

بطور والدین، آپ سے توقع کی جائے گی:

- اپنے بچے کو روزانہ وقت پر اسکول بھیجیں، ماسوائے وہ بیمار ہوں، ان کی ملاقات طے ہو یا کوئی مذہبی تعطیل ہو۔ اگر آپ کر سکتے ہیں تو اسکول سے رابطہ کر کے پیشگی بتائیں کہ آپ کا بچہ کیوں غیر حاضر ہے۔
- صرف اسکول کی تعطیلات میں اپنے بچے کو چھٹی پر لے کر جائیں۔ اگر آپ دوران ٹرم اپنے بچے کو چھٹی پر لے جانے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو جرمانہ ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے اسکول سے بات کریں یا یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں: **https://www.gov.uk/school-attendance-absence**
- اپنے بچے یا خاندان کی اہم تقریبات یا واقعات کے متعلق اسکول کو بتائیں۔ اگر آپ کو مدد درکار ہو گی تو وہ حتی الوسع آپ سے تعاون کرنے کی کوشش کریں گے۔
- طبی تفصیلات اور رابطہ تفصیلات جیسی معلومات فراہم کریں۔ ان معلومات میں تبدیلی کی صورت میں یہ ضروری ہے کہ آپ اسکول کو مطلع کریں۔
- یہ بتانے کے لئے کہ آپ کا بچہ اسکول ٹرپس پر جا سکتا ہے، تصویریں بنوا سکتا ہے وغیرہ وغیرہ کے لئے رضامندی فارم مکمل کریں۔



- اسکول کی پالیسیوں میں تعاون کریں مثلاً برتاؤ اور انٹرنیٹ کا مناسب استعمال۔ آپ اسکول کی پالیسیوں کے بارے میں مزید معلومات اسکول کی ویب سائٹ پر حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ اور آپ کے بچے کو انعامات اور مراعات کے متعلق بتا دیا جائے گا۔ آپ کے بچے کو سکول ای میل اکاؤنٹ اور انٹرنیٹ تک رسائی حاصل ہو گی جسے انہیں بحفاظت اور مناسب طریقے سے استعمال کرنا ہو گا۔
- اپنے بچے کی ان کے ہوم ورک میں مدد کریں۔ پڑھائی میں اپنے بچے کی مدد کے متعلق مزید خیالات کے لئے یہاں ملاحظہ کریں:

## 6. اسکول میں کون کون ہے؟

اسٹاف ممبرز کے نام اور تصاویر دیکھنے کے لئے اسکول کا پراسپیکٹس یا اسکول کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں؛ بعض اوقات یہ اسکول کے داخلی دروازے پر بھی آویزاں ہوتے ہیں۔

اسکول سے پوچھیں کہ کون سے اسٹاف ممبرز آپ کے بچے کے ساتھ کام کریں گے۔ ان میں شامل ہو سکتے ہیں:

- سینیئر لیڈرز – مثلاً پرنسپل، وائس اور اسسٹنٹ پرنسپلز
- آفس اسٹاف—مثلاً اسکول ریسیپشنسٹس
- ٹیچنگ اسٹاف—مثلاً کلاس ٹیچر اور ٹیچنگ اسسٹنٹ
- پیسٹورل اسٹاف—مثلاً ائیر لیڈرز، فارم ٹیوٹر، لرننگ مینٹر
- ماہرین اسٹاف—مثلاً EAL ٹیچرز (انگریزی بطور اضافی زبان) SENDCo (کوآرڈینیٹر برائے خصوصی تعلیمی ضروریات و معذوری)، نامزد سیفگارڈنگ لیڈ ٹیچر (DSL)



## 7. اسکول میں کیا پڑھایا اور جانچا جاتا ہے؟

عموماً سال 11 کے مئی اور جون میں طلبہ قومی امتحانات میں بیٹھیں گے۔ زیادہ تر طلبہ GCSE (جنرل سرٹیفکیٹ آف سیکنڈری ایجوکیشن) امتحانات میں بیٹھیں گے۔

آپ کا بچہ کس فیز، اسٹیج اور سال گروپ میں ہو گا- اور اس کے کون سے جائزے / ٹیسٹس/امتحانات ہوں گے کے بارے میں جاننے کے لئے براہ مہربانی درج ذیل جدول دیکھیں:

| فیز | اسٹیج | گروپ سال | عمر کی حد | جائزے/ ٹیسٹس / امتحانات | پڑھے گئے مضامین |
|---|---|---|---|---|---|
| سیکنڈری | کلیدی اسٹیج 3 | سال 7<br>سال 8<br>سال 9 | 11-12<br>12-13<br>13-14 | سال 7 کا آغاز اور مکمل باقاعدگی KS3: ادراکی جائزہ ٹیسٹس (CATs)<br><br>جاری اندرونی جائزے | انگریزی، ریاضی، سائنس، ڈیزائن اور ٹیکنالوجی، تاریخ، جغرافیہ، مذہبی مطالعہ (RS)، آرٹ، ڈیزائن اور ٹیکنالوجی (DT)، موسیقی، ڈرامہ، فزیکل ایجوکیشن، کمپیوٹنگ، شہریت، لسانیات |
| | کلیدی اسٹیج 4 | سال 10<br>سال 11 | 14-15<br>15-16 | جاری اندرونی جائزے<br><br>سال 11 کے مئی /جون: GCSE (جنرل سرٹیفکیٹ برائے سیکنڈری ایجوکیشن) اور مساوی امتحانات | مرکزی مضامین: انگریزی، ریاضی، سائنس<br><br>اختیاری مضامین مختلف ہوتے ہیں اسکولوں کے مابین۔ وہ جغرافیہ، تاریخ شامل ہے، RS، کمپیوٹر سائنس، PE، بزنس اسٹڈیز، چائلڈ کیئر، DT، تخلیقی میڈیا۔ اپنے اسکول سے مکمل فہرست طلب کریں۔ |

مزید معلومات حاصل کریں: **https://www.gov.uk/national-curriculum**

### کیا میرا بچہ ہر مضمون کا امتحان دے گا؟

عموماً بچے سال 11 کے اختتام پر قومی امتحان (GCSEs) میں بیٹھتے ہیں۔ وہ ہر مضمون کے امتحان میں نہیں بیٹھیں گے۔ مرکزی مضامین ہیں: انگریزی، ریاضی اور سائنس۔ تمام طلبہ کو یہ مضامین لازمی پڑھنے ہیں۔ علاوہ ازیں، عموماً طلبہ مزید پانچ مضامین کے امتحانات میں بیٹھیں گے۔

کلیدی اسٹیج 3 ( سال 8 یا سال 9) کے اختتام پر تعلیم جاری رکھتے ہوئے حتمی امتحانات کے لئے سکول دیگر مضامین کے انتخاب کے لئے آپ کے بچے کی مدد کرے گا۔ اس میں GCSE مضامین (مثلاً جغرافیہ یا ڈیزائن اور ٹیکنالوجی) یا BTEC (بزنس اور ٹیکنالوجی ایجوکیشن کونسل) مضامین (مثلاً بزنس اسٹڈیز اور اسپورٹس) شامل ہو سکتے ہیں۔


کاپی رائٹ© دی بیل ایجوکیشنل ٹرسٹ لیمیٹڈ (دی بیل فاؤنڈیشن کے نام سے کام کر رہا ہے) اکتوبر 2020

اگرچہ ہر زبان میسر نہیں ہوتی، بعض اسکول طلبہ کے لئے ان کی آبائی زبان میں GCSE میں بیٹھنے کا انتظام بھی کرتے ہیں۔

عربی، چینی، اردو، گجراتی اور اطالوی میں GCSEs دستیاب ہیں۔ اپنے اسکول سے پوچھیں کہ کیا یہی آپ اپنے بچہ کو کروانا چاہتے ہیں۔

اپنے بچہ کے ساتھ ان کی دلچسپیوں اور مستقبل کے منصوبوں کے متعلق بات کریں۔ یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی دلچسپی کے مضامین کا انتخاب کریں اور یہ ان کے مستقبل کے لئے مفید ہو گا۔ اپنے اسکول سے اپنے بچہ کے انتخابات اور میسر تعاون کے متعلق بات کریں۔

## 8. میرے بچے کو کس چیز کی ضرورت ہو گی؟

- مکمل اسکول یونیفارم: انگلینڈ میں زیادہ تر سیکنڈری اسکول بچوں سے اسکول یونیفارم پہننے کی توقع رکھتے ہیں۔ آپ کے بچہ کا سکول قابل استعمال چیزوں کی فہرست فراہم کرے گا اور بتائے گا کہ آپ یہ کہاں سے خرید سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس رقم کافی نہیں ہے تو اخراجات کے لئے سکول سے ممکنہ مدد طلب کریں۔
- ایک پلانر۔ زیادہ تر سکول بچوں کو اپنا آپ منظم کرنے کے لئے ہر سال ایک کتاب فراہم کرتے ہیں۔
- ایک بستہ، ایک پینسل کیس بمعہ پین وغیرہ
- ایک کیلکیولیٹر اور دیگر ریاضٰی کا سامان
- حسب ضروت مکمل PE (فزیکل ایجوکیشن) کٹ۔ اسکول آپ کو ضرورت کی اشیاء کے متعلق بتائے گا جیسا کہ اس میں اسکول کے لوگو والے اسپورٹس کے کپڑے شامل ہو سکتے ہیں۔
- لنچ یا کھانا خریدنے کے لئے پیسے۔ اکثر اسکولوں کا بلا رابطہ ادائیگی نظام ہوتا ہے ؛ آفس اسٹاف اس انتظام میں مددگار ہو گا۔

اگر خاندان کو مراعات حاصل ہوں تو بعض بچے مفت سکول طعام (FSM) بھی وصول کر سکتے ہیں؛ مزید معلومات اپنے اسکول سے یا **http://www.gov.uk/apply-free-school-meals** سے حاصل کر سکتے ہیں۔



- اگر آپ کا بچہ بذریعہ بس، ٹرام یا ٹرین اسکول آتا ہے تو سفری پاس یا سفری رقم۔ بعض بچے جو اسکول سے دو میل سے زائد فاصلہ پر رہتے ہیں وہ مفت بس پاس حاصل کر سکتے ہیں۔ معلوم کریں کہ آیا آپ مفت بس پاس کے اہل ہیں: **https://www.gov.uk/help-home-school-transport**.
بعض بچے جو حرکت میں مشکلات یا خصوصی تعلیمی ضرورت کی بناء پر اسکول پیدل نہیں آ سکتے ہیں انہیں سکول کے لئے مفت ٹرانسپورٹ، اکثر ٹیکسی مہیا کی جائے گی۔ مزید معلومات حاصل کریں **https://www.gov.uk/apply-school-transport-for-child-with-special-educational-needs-sen**
- اپنے اسکول سے ان کی موبائل فون پالیسی کے متعلق دریافت کریں۔ بعض اسکول موبائل استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیتے ہیں اور اگر طلبہ اسے اسکول میں استعمال کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو وہ یہ ضبط کر سکتے ہیں۔

## 9. اگر ضرورت ہو تو طلبہ کے لئے کیا اضافی معاونت ہے؟

- پسٹرول معاونت: تمام اسکولوں میں افراد کی ایک ٹیم ہوتی ہے جو مشکلات میں مبتلا بچوں کی مدد کرے گی، مثال کے طور پر، دوستی میں مشکلات، ذہنی صحت کے مسائل یا پریشانی محسسوس کرنا۔ اگر آپ کے بچے کو کوئی مسائل یا پریشانیاں ہیں تو فارم ٹیوٹر یا سال لیڈر کو بتائیں۔
- تمام اسکولوں میں نامزد سیفگارڈنگ لیڈ موجود ہوتے ہیں جو کہ اسکول کے اندر یا باہر بچے کے تحفظ کے متعلق شدید تشویش کی صورت میں آپ کے بچہ کی معاونت کریں گے۔
- انگریزی زبان میں معاونت: جہاں ضرورت ہوتی ہے وہاں اکثر اسکول انگریزی زبان کی ترویج میں معاونت فراہم کریں گے۔ یہ عموماً کمرہ جماعت میں دیگر طلبہ کے ساتھ ہوگی۔
- پڑھائی میں معاونت: حسب ضرورت تمام اسکول پڑھائی میں اضافی معاونت فراہم کریں گے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے بچے کو پڑھائی میں مدد کی ضرورت ہے تو اسکول کو بتائیں۔ SENDCo (کوآرڈینیٹر برائے خصوصی تعلیمی ضروریات و معذوری) آپ کے بچہ سے ملاقات کرے گا، ان کی ضروریات کا جائزہ لے گا اور حتی الامکان معاونت فراہم کرے گا۔ اگر آپ کے بچے کی کوئی ضروریات ہوں گی تو وہ آپ کو بتائیں گے اور آپ کو اپنے بچے کی ممکنہ مدد کے حصول کے لئے اسکول جانے کے لئے کہا جائے گا۔ والدین اور سرپرستوں کے لئے یہاں پر ایک مفید گائیڈ میسر ہے:
**https://www.gov.uk/government/publications/send-guide-for-parents-and-carers**
- بیرونی ایجنسیاں: جن بچوں کو اضافی مدد درکار ہوتی ہے ان کی معاونت کے لئے سکول دیگر ماہرین مثلاً ڈاکٹرز، پناہ گزین ایجنسیوں اور تعلیمی ماہرین کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ اسکول آپ کو مطلع کرے گا کہ آیا آپ کے بچے کو اضافی مدد درکار ہے۔
- طلبہ پریمیئم: معاشی طور پر محروم بچوں کی معاونت کے لئے تمام اسکولوں کو اضافی فنڈ موصول ہوتا ہے۔ طلبہ کی اسکول میں اچھی کارکردگی اور اسکول کی زندگی میں بھر پور مشغولیت میں مدد کے لئے اس رقم کو استعمال کیا جاتا ہے۔
- مالی تعاون: اسکول کچھ اخراجات میں مدد کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر، سکول یونیفارم، اسکول ٹرپس، سامان وغیرہ کے لئے۔ اگر آپ کو اخراجات کی مد میں کسی مدد کی ضرورت ہے تو اسکول کو بتائیں۔
- کیریئر کے لئے مشورہ اور مزید تعلیم: تمام اسکولوں میں کیریئر مشیر موجود ہوتے ہیں جو آپ کے بچے کی رائے قائم کرنے میں مدد کریں گے کہ وہ اسکول چھوڑنے کے بعد کیا کرنا چاہتے ہیں۔ وہ آپ کے بچے کی مدد کریں گے:
  - GCSE میں تعلیم کے کون سے مضامین منتخب کریں۔ سال 8 یا 9 کے اختتام پر اختیارات منتخب کئے جاتی ہیں۔
  - ایک موزوں کام کے تجربے کی جگہ تلاش کریں۔ تمام اسکول کام کا تجربہ پیش نہیں کرتے۔ مزید معلومات کے لئے اپنے اسکول سے پوچھیں
  - سال 11 کے بعد کالجوں اور کورسز کے متعلق معلومات تلاش کریں۔ نوجوانوں سے توقع کی جاتی ہے کہ 18 سال کا ہونے تک وہ تعلیم یا تربیت میں مشغول رہیں۔ آپ مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں:
**https://www.gov.uk/browse/education/find-course**

## 10. میں سیکھنے میں کس طرح اپنے بچے کی مدد کر سکتا / سکتی ہوں؟

اس کتابچے میں بہت سے خیالات ہیں کہ آپ کس طرح اپنے بچہ کی پڑھائی میں مدد کریں


کاپی رائٹ© دی بیل ایجوکیشنل ٹرسٹ لیمیٹڈ (دی بیل فاؤنڈیشن کے نام سے کام کر رہا ہے) اکتوبر 2020